سوال

(587)ایک موضوع حدیث جوکہ صحیح نہیں ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

ہمیں ایک خط موصول ہوا ہے جس میں ایک طبع شدہ ورقہ بھی ہے جسے لوگوں میں تقسیم کیا جارہا ہے اوراس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کرکے یہ حدیث بھی لکھی ہوئی ہے کہ جو شخص نماز میں سستی کرے تو اللہ تعالی اسے پندرہ سزائیں دے گا۔۔۔۔۔ ''الخ۔ سوال یہ ہے کہ کیا یہ حدیث صحیح ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

یہ ایک جھوٹی حدیث ہے جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کیا گیا ہے ۔ یہ قطعا صحیح نہیں جیسا کہ حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے ''میزان'' میں اور حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے ''لسان المیزان'' میں بیان فرمایا ہے، لہذا جس شخص کو یہ ورقہ ملے اسے چاہئے کہ اسے جلادے اور جسے تقسیم کرتے ہوئے دیکھے اسے سمجھادے تاکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے دفاع کیا جاسکے اور آپ کی سنت کو کذاب لوگوں کے کذب سے محفوظ کرلیا جائے ۔ نماز کی عظمت وشان، اس میں سستی وغفلت سے بچنے کی تلقین اور سستی وغفلت کا مظاہرہ کرنے والے کی وعید کے بارے میں جو کچھ قرآن عظیم اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت صحیحہ میں موجود ہے وہ کاذبوں کے کذب سے بے نیاز کردینے والا ہے ۔ مثلا ارشاد باری تعالی ہے :

﴿حـٰفِظوا عَلَى الصَّلَو‌ٰتِ وَالصَّلو‌ٰةِ الوُسطىٰ وَقوموا لِلَّهِ قـٰنِتينَ ﴿٢٣٨﴾... سورة البقرة

''(مسلمانو!) سب نمازیں خصوصا درمیانی نماز (یعنی نماز عصر) پورے التزام کے ساتھ ادا کرتے رہو اور اللہ تعالی کے سامنے ادب سے کھڑے رہا کرو۔ ''

نیز فرمایا :

﴿فَخَلَفَ مِن بَعدِهِم خَلفٌ أَضاعُوا الصَّلو‌ٰةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَو‌ٰتِ ۖ فَسَوفَ يَلقَونَ غَيًّا ﴿٥٩﴾... سورة مريم

''پھر ان کے بعد ایسے ناخلف ان کے جانشین ہوئے جنھوں نے نماز کو ضائع کردیا اور خواہشات نفسانی کے پیچھے لگ گئے ، سو عنقریب ان کو گمراہی (کی سزا) ملے گی ۔ ''

نیز فرمایا :

فَوَيلٌ لِلمُصَلّينَ ٤ الَّذينَ هُم عَن صَلاتِهِم ساهونَ ٥ ... سورة الماعون

''تو ایسے نمازیوں کے لئے (جہنم کی وادی ویل یا) خرابی ہے جو اپنی نماز سے غافل رہتے ہیں۔''

اس مضمون کی اور بھی بہت سی آیات ہیں۔ اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ:

«العهد الذي بيننا وبينهم الصلاة فمن تركها فقد كفر» (سنن ترمذی)

''وہ عہد جو ہمارے اور ان کے مابین ہے، نماز ہے، جو اسے ترک کردے وہ کافر ہے۔'' (احمد، اہل سنن باسناد صحیح) نیز آپؐ نے فرمایا ہے کہ

«بين الرجل وبين الكفر والشرك ترك الصلاة» (صحیح مسلم)

''آدمی اور کفر وشرک کے درمیان فرق، ترک نماز سے ہے۔'' (صحیح مسلم)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن حضرات صحابہ کرام کے لئے رضی اللہ عنہم کے پاس نماز کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا:

«من حافظ عليها كانت له نورا وبرهانا ونجاة يوم القيامة ومن لم يحافظ عليها لم يكن له نور ولا برهان ولا نجاة وحشر يوم القيامة مع فرعون وهامان وقارون وابي ابن خلف» (مسند احمد)

''جس نے نماز کی حفاظت کی تو نماز اس کے لئے قیامت کے دن نور، برہان اور ذریعہ نجات بن جائے گی اور جس نے اس کی حفاظت نہ کی تو روز قیامت اس کے پاس نہ نور، نہ برہان اور نہ ذریعہ نجات ہوگا بلکہ قیامت کے دن اسے فرعون، ہامان، قارون اور ابی بن خلف کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔''

بعض علماء نے اس حدیث کی شرح میں لکھا ہے کہ نماز ضائع کرنے والے کو روز قیامت ان کافروں کے ساتھ اس لئے اٹھایا جائے گا کہ اگر اس نے حکمرانی کی وجہ سے نماز کو ضائع کیا ہے تو وہ فرعون کے مشابہ ہے لہذا اسی کے ساتھ اسے روز قیامت جہنم رسید کیا جائے گا، اگر کسی نے اسے وزارت یا دیگر اہم منصبوں پر فائز ہونے کی وجہ سے ضائع کیا ہے تو فرعون، کے وزیر ہامان کے ساتھ اس کی مشابہت ہے لہذا قیامت کے دن اسی کے ساتھ اسے جہنم رسید کیا جائے گا، اگر مال ودولت کی فروانی اور خواہشات نفسانی نماز کے ضائع کرنے کا سبب ہے تو اس کا یہ عمل اس قارون جیسا ہے جسے اللہ تعالی نے اس کے گھر سمیت زمین میں دھنسا دیا تھا کہ مال ودولت کی فروانی اور خواہشات نفسانی کی وجہ سے اس نے تکبر کی روش اختیار کی اور حق کی اتباع نہ کی۔ لہذا ایسے شخص کا قیامت کے دن جہنم جاتے وقت قارون کے ساتھ حشر ہوگا اور اگر اس نے نماز کو تجارت اور دیگر امور ومعاملات کی وجہ سے ضائع کیا تو اس کا یہ عمل مکہ کے تاجروں کے کافر سردار ابی بن خلف سے مشابہت رکھتا ہے، لہذا روز قیامت اسے ابی بن خلف کی رفاقت میں واصل جہنم کیا جائے گا۔ ہم اللہ تعالی سے یہ دعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں عافیت عطا فرمائے اور ان اور ان جیسے دیگر کافروں کے حالات سے بچائے۔ (شیخ ابن باز رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ: جلد 1

صفحہ نمبر 470